Sistema Socio Sanitario
Regione Lombardia
ASST Bergamo Est

Dipartimento Medico
UOC Gastroenterologia ed
Endoscopia Digestiva

کولونوسکوپی (بڑی آنت کے نچلے بڑے حصے کا معائنے کی تیاری)

،جنابِ محترم / جنابِ محترمہ

اس ڈاکومنٹ میں موجود معلومات، آپکوتجویزکردہ طبعی معائنے کی تیاری کے طریقے د کھانے کے لیے ضروری ہیں. مندرجہ ذیل بتائی گئی باتوں پرسختی سےعمل کرنا ضروری ہے نیز ٹیبل اے، بی، سی میں سے منتخب کردہ مصنوعات (دوائی) کو استعمال کرنا ضروری ہے. اسکا مقصد آنت کی درست ترین صفائی ہے جس سے قابل اعتبار ٹیسٹ کے نتیجےاورممکنہ تبدیلیوں جیسا کہ سلیلہ ، کی درست شناخت میں مدد ملتی ہے. دوسری صورت میں یہ ٹیسٹ نہیں کیا جائے گا یا اسکا وقت اور تاریخ دوبارہ سے مقرر کی جائے گی۔

عام ہدایات

- **مدت سے لاحق قبض کے مریض**: ٹیسٹ سے 5 دن قبل، قبض کشا ادویات جیسا کہ ماکروگول 2 ساشے دن میں(مثلاً موویکول تیارشدہ محلول، آپیگ ساشے،ساشے کلن 4000، کازینلاکس ساشے: یہ قبض کشا ادویات آنت کی تیاری کا متبادل نہیں ہیں)۔
- **خون پتلا کرنی والی دوائی استعمال کرنے والے مریض**: قابلِ اعتبار سپیشلسٹ یا اپنے فیملی ڈاکڑ سے مشورہ کریں یہ سمجھنے کے لیے کہ آیا ان ادوایات کا استعمال روکنا ہے یا انکو تبدیل کرنا ہے، مثال کے طور پراے بی پی ایم کے ساتھھ کورنگ. اگر ڈاکٹری لحاظ سے اسکے برعکس ہدایات نا ملی ہوں توعام طور پریہ اصول لاگو ہوتا ہے: تاوُ کے لیے دوائی ٹیسٹ سے 5 دن پہلےاستعال کرنا بند کریں اور متبادل کے طور پر ایپارینا استعمال کریں، ناوُکے لیے دوائی ٹیسٹ سے 48 گھنٹے پہلےاستعال کرنا بند کریں اورصرف ایپارینا بی پی ایم کے استعمال کی صورت میں استعمال 12 گھنٹے پہلے روک دیں۔
- **خون کو گاڑھا ہونے سے روکنے والی سنگل تھیراپی والے مریض**: دوائی کا استعمال روکنا ناگزیر نہیں ہے، سوائے اسکے کہ آپریشن وغیرہ ہو. (مثال کے طور پربڑے حجم کے سلیلہ کو آپریشن کرکے نکالنا ہو)۔
- **خون کو گاڑھا ہونے سے روکنے والی ڈبل تھیراپی والے مریض**: قابلِ اعتبار سپیشلسٹ سے مشورہ کریں یہ سمجھنے کے لیے کہ ٹیسٹ سے 7 دن قبل کم ازکم دو میں سے ایک دوائی کا استعمال بند کیا جائے(مثلا آ ایس آ کا استعمال جاری رکھا جا سکتا ہے اگر دونوں طرح کی ادویات کو بند کرنا ممکن نہیں ہےتو)۔

1) خوراک

- **ٹیسٹ سے 3 دن قبل ہلکی پھلکی غذا استعمال کریں**

آنتوں میں آلائش چھوڑنے والی غذا استعمال نا کریں (اناج اور اس سے بنی اشیا، دالوں، فروٹ اور سبزیوں سے پرہیزکریں۔ -

لیکویڈ کا استعمال زیادہ کریں -

- آئرن اور کاربن والی ادوایات کا استعمال روک دیں

- **ٹیسٹ سے ایک دن قبل:**

- ناشتہ: کافی یا دودھ یا چائے
- دوپہرکا کھانا: چاول، چھوٹا پاستہ یا سوجی والا دلیہ
- رات کا کھانا: صرف صاف رنگت والے لیکوئیڈ

- **ٹیسٹ والے دن**

صرف اگر ٹیسٹ کا وقت 12 بجے کے بعد مقررہے توصبح چینی والی چائے پی جا سکتی ہے

2) آنت کی صفائی

آنت کی بہترصفائی کے لیے بہترین مصنوعات (دوائی) پولی ایتی اینلیکولے (پیگ/ماکروگول 3500/4000) ہے۔

(حالیہ طورپرمختلف اقسام کی حجم کے حساب سے استعمال کرنے والی .... ملتی ہیں (1 لیٹرسے 2 لیٹر)

جہاں تک آنت کو ٹیسٹ کے لیے تیار کرنے کا تعلق ہے تویہ دیکھا گیا ہے کہ جزوی خوراک (سپلٹ ڈوز)، یعنی اگر اس دوائی کوتقسیم کرکے ایک حصّہ ٹیسٹ سے قبل شام کواور باقی کا حصّہ ٹیسٹ والی صبح کو استعمال کریں تو یہ بہتر طور پر برداشت ہوتی ہے، اس سے آنت کی بیتر صفائی ہوتی ہے بجائے اسکے کہ ساری کی ساری دوا ٹیسٹ سے ایک دن قبل استعمال کی جائے۔

اسی مقصد کے لیے آپکے ٹیسٹ کے ٹائم کے حساب سے مصنوعات (دوائی) کے استعمال کے متعلق درست ترین ہدایات آپکو دی جائیں گی۔

:علاوہ ازیں یاد دہانی کرائی جاتی ہے

- **کہ ناکافی تیاری کی صورت میں ٹیسٹ نامکمل ثابت ہو سکتا ہے اوردوبارہ سے ٹیسٹ کا وقت و تاریخ مقررکرنے کی ضرورت پیش آسکتی ہے**
- **اپنے ڈاکٹر یا نظام انخضام کی اینڈوسکوپی کے اسٹاف سروسز سے مشورہ کر کے ٹیبل اے، بی یا سی میں سے کسی ایک ٹیبل کا انتخاب کرنا ہے۔ تاکہ اپکی کنڈیشن کے حساب سے درست ٹیبل کا انتخاب ہو**
- **ٹیسٹ کی تیاری کی ادویات میڈیکل اسٹور سے یہ پرچہ اور ٹیسٹ کی اپائٹمنٹ کا لیٹر دکھا کرلی جا سکتیں ہیں**

ٹیبل اے۔ پیگ ماکروگول کے ساتھھ تیاری ایک لیٹر			
دوائی کی تیاری کاطریقہ اوراسکا استعمال			دوائی کی قسم
ٹیسٹ 10 بجے کے اندر	ٹیسٹ 10 سے دن کے 2 بجے کے درمیان	ٹیسٹ 2 بجے کے بعد	
ٹیسٹ سے ایک دن قبل شام کے 7 بجے ڈوز 1 (ایک ساشے) کا مواد آدھے لیٹرپانی میں گھولیں، اچھی طرح مکس کریں اور آہستہ آہستہ کرکے 30 منٹ میں پیئں۔ ختم ہوجانے پرکم ازکم اورآدھا لیٹر پانی یا صاف رنگت والے لیکوئیڈ(مثلا کامومیلا) پئیں۔ **رات 11 بجے** ڈوز 2 کا مواد (ساشے اے/ ساشے بی) کو آدھا لیٹرپانی میں گھولیں۔ اچھی طرح مکس کریں اورآہستہ آہستہ کرکے 30 منٹ میں پیئں۔ ختم ہوجانے پرکم ازکم اور آدھا لیٹر پانی یا صاف رنگت والے لیکوئیڈ(مثلا کامومیلا) پئیں۔	**ٹیسٹ سے ایک دن قبل شام کے 8 بجے** ڈوز 1 (ایک ساشے) کا مواد آدھے لیٹر پانی میں گھولیں، اچھی طرح مکس کریں اورآہستہ آہستہ کرکے 30 منٹ میں پیئں۔ ختم ہوجانے پرکم ازکم اور آدھا لیٹر پانی یا صاف رنگت والے لیکوئیڈ (مثلا کامومیلا) پئیں۔ **ٹیسٹ والی صبح 6 بجے** ڈوز 2 کا مواد (ساشے اے/ ساشے بی) کو آدھا لیٹرپانی میں گھولیں۔ اچھی طرح مکس کریں اورآہستہ آہستہ کرکے 30 منٹ میں پیئں۔ ختم ہوجانے پرکم ازکم اور آدھا لیٹر پانی یا صاف رنگت والے لیکوئیڈ(مثلا کامومیلا) پئیں۔	**ٹیسٹ والی صبح 7:30 بجے** ڈوز 1 (ایک ساشے) کا مواد آدھے لیٹر پانی میں گھولیں، اچھی طرح مکس کریں اورآہستہ آہستہ کرکے 30 منٹ میں پیئں۔ ختم ہوجانے پر کم ازکم اور آدھا لیٹر پانی یا صاف رنگت والے لیکوئیڈ (مثلا کامومیلا) پئیں۔ **ٹیسٹ سے 4 گھنٹے پہلے** ڈوز 2 کا مواد (ساشے اے/ ساشے بی) کو آدھا لیٹرپانی میں گھولیں۔ اچھی طرح مکس کریں اورآہستہ آہستہ کرکے 30 منٹ میں پیئں۔ ختم ہوجانے پرکم ازکم اور آدھا لیٹر پانی یا صاف رنگت والے لیکوئیڈ(مثلا کامومیلا) پئیں۔	پلینوو یا اسکا مثل ایک لیٹر دوائی + ایک لیٹر پانی **:ڈوز والا پیک 2** ایک ساشے = ڈوز 1 ڈوز 2 = ایک ساشے اے + ایک ساشے بی **:اجزاء کی نوعیت** ماکروگول 3500 آسکوربیٹ ایسڈ انہایڈریس سوڈیم سلفیٹ ایسکوربیک ایسڈ سوڈیم کلورائیڈ پوٹاشیم کلورائیڈ
نوٹ: فینل کیتونوریا اورفاوازم کی بیماری میں اس دوائی کا استعمال مناسب نہیں ہے۔			

ٹیبل بی - پیگ ماکروگول کے ساتھ تیاری دو لیٹر			
	دوائی کی تیاری کاطریقہ اوراسکا استعمال		
دوائی کی قسم	ٹیسٹ 2 بجے کے بعد	ٹیسٹ 10 سے دن کے 2 بجے کے درمیان	ٹیسٹ 10 بجے کے اندر
کلینسیا یا اسکا مثل دو لیٹر دوائی + ایک لیٹر پانی **:پیک** چارساشے اے + چار ساشے بی **:اجزاء کی نوعیت** ماکروگول 4000 سائٹرک ایسڈ سائمتھکون سلفیٹ / سائٹرک/ کلورائیڈ سوڈیم پوٹاشیم کلورائیڈ	**ٹیسٹ والی صبح 7:30 بجے** ساشے اے اور 2 ساشے بی 2 کے مواد کوایک لیٹرپانی میں گھولیں۔ اچھی طرح مکس کریں اورآہستہ آہستہ کرکے 90 منٹ میں پیئں۔ ختم ہوجانے پرکم ازکم اور آدھا لیٹرپانی یا صاف رنگت والے لیکوئیڈ(مثلا کامومیلا) پئیں۔ **ٹیسٹ سے 4 گھنٹے پہلے** 2 ساشے اے اور 2 ساشے بی کے مواد کوایک لیٹرپانی میں گھولیں۔ اچھی طرح مکس کریں اورآہستہ آہستہ کرکے 90 منٹ میں پیئں۔ ختم ہوجانے پرکم ازکم اور آدھا لیٹرپانی یا صاف رنگت والے لیکوئیڈ(مثلا کامومیلا) پئیں۔	**ٹیسٹ سے ایک دن قبل شام کے 8 بجے** ساشے اے اور 2 ساشے بی 2 کے مواد کوایک لیٹرپانی میں گھولیں۔ اچھی طرح مکس کریں اورآہستہ آہستہ کرکے 90 منٹ میں پیئں۔ ختم ہوجانے پرکم ازکم اور آدھا لیٹرپانی یا صاف رنگت والے لیکوئیڈ(مثلا کامومیلا) پئیں - **ٹیسٹ والی صبح 6 بجے** ساشے اے اور 2 ساشے بی 2 کے مواد کوایک لیٹرپانی میں گھولیں۔ اچھی طرح مکس کریں اورآہستہ آہستہ کرکے 90 منٹ میں پیئں۔ ختم ہوجانے پرکم ازکم اور آدھا لیٹرپانی یا صاف رنگت والے لیکوئیڈ(مثلا کامومیلا) پئیں -	**ٹیسٹ سے ایک دن قبل شام کے 6 بجے** ساشے اے اور 2 ساشے بی 2 کے مواد کوایک لیٹرپانی میں گھولیں۔ اچھی طرح مکس کریں اورآہستہ آہستہ کرکے 90 منٹ میں پیئں۔ ختم ہوجانے پرکم ازکم اور آدھا لیٹرپانی یا صاف رنگت والے لیکوئیڈ(مثلا کامومیلا) پئیں - **رات 9 بجے** ساشے اے اور 2 ساشے بی 2 کے مواد کوایک لیٹرپانی میں گھولیں۔ اچھی طرح مکس کریں اورآہستہ آہستہ کرکے 90 منٹ میں پیئں۔ ختم ہوجانے پرکم ازکم اور آدھا لیٹرپانی یا صاف رنگت والے لیکوئیڈ(مثلا کامومیلا) پئیں -
			نوٹ

ٹیبل بی ۔ پیگ ماکروگول کے ساتھ تیاری دو لیٹر			
دوائی کی تیاری کاطریقہ اوراسکا استعمال			دوائی کی قسم
ٹیسٹ 10 بجے کے اندر	ٹیسٹ 10 سے دن کے 2 بجے کے درمیان	ٹیسٹ 2 بجے کے بعد	
ٹیسٹ سے ایک دن قبل شام کے 5 بجے ساشوں کے مواد کوایک 2 لیٹرپانی میں گھولیں۔ اچھی طرح مکس کریں اورآہستہ آہستہ کرکے 90 منٹ میں پیئں۔ ختم ہوجانے پرکم ازکم اور آدھا لیٹرپانی یا صاف رنگت والے لیکوئیڈ(مثلا کامومیلا) پئیں۔ **رات 8 بجے** ساشوں کے مواد کوایک 2 لیٹرپانی میں گھولیں۔ اچھی طرح مکس کریں اورآہستہ آہستہ کرکے 90 منٹ میں پیئں۔ ختم ہوجانے پرکم ازکم اور آدھا لیٹرپانی یا صاف رنگت والے لیکوئیڈ(مثلا کامومیلا) پئیں۔	**ٹیسٹ سے ایک دن قبل شام کے 8 بجے** ساشوں کے مواد کوایک 2 لیٹرپانی میں گھولیں۔ اچھی طرح مکس کریں اورآہستہ آہستہ کرکے 90 منٹ میں پیئں۔ ختم ہوجانے پرکم ازکم اور آدھا لیٹرپانی یا صاف رنگت والے لیکوئیڈ(مثلا کامومیلا) پئیں۔ **ٹیسٹ والی صبح 6 بجے** ساشوں کے مواد کوایک 2 لیٹرپانی میں گھولیں۔ اچھی طرح مکس کریں اورآہستہ آہستہ کرکے 90 منٹ میں پیئں۔ ختم ہوجانے پرکم ازکم اور آدھا لیٹرپانی یا صاف رنگت والے لیکوئیڈ(مثلا کامومیلا) پئیں۔	**ٹیسٹ والی صبح 7:30 بجے** ساشوں کے مواد کوایک 2 لیٹرپانی میں گھولیں۔ اچھی طرح مکس کریں اورآہستہ آہستہ کرکے 90 منٹ میں پیئں۔ ختم ہوجانے پرکم ازکم اور آدھا لیٹرپانی یا صاف رنگت والے لیکوئیڈ(مثلا کامومیلا) پئیں۔ **ٹیسٹ سے 4 گھنٹے پہلے** ساشوں کے مواد کوایک 2 لیٹرپانی میں گھولیں۔ اچھی طرح مکس کریں اورآہستہ آہستہ کرکے 90 منٹ میں پیئں۔ ختم ہوجانے پرکم ازکم اور آدھا لیٹرپانی یا صاف رنگت والے لیکوئیڈ(مثلا کامومیلا) پئیں۔	**اگپیگ پلس ایس اے** یا اسکا مثل دو لیٹر دوائی + ایک لیٹر پانی **:پیک** چار ساشے **:اجزاء کی نوعیت** ماکروگول 3350 سائمتھکون
نوٹ: تیاری کو بہت بہتر بنانےکےلیےمشورہ دیا جاتا ہے کہ ٹیسٹ سے 2 دن پہلےقبض کشا دوائی (مثال کے طور پرآپیگ 10گرام ساشے)کے دن میں 2 ساشے استعمال کریں			

چار لیٹرٹیبل سی ۔ پیگ ماکروگول کے ساتھ تیاری			
دوائی کی تیاری کاطریقہ اوراسکا استعمال			دوائی کی قسم
ٹیسٹ 10 بجے کے اندر	ٹیسٹ 10 سے دن کے 2 بجے کے درمیان	ٹیسٹ 2 بجے کے بعد	
ٹیسٹ سے ایک دن پہلے سہ پہر 4 بجے سارے ساشوں کا مواد 4 لیٹر پانی میں گھولیں. اچھی طرح مکس کریں اور 4 سے 6 گھنٹوں میں پیئں۔	**ٹیسٹ سے ایک دن قبل شام کے 6 بجے** لیٹرپانی میں آدھے ساشوں کا 2 مواد گھولیں. اچھی طرح مکس کریں اور 2 گھنٹوں میں پیئں۔ **ٹیسٹ والی صبح 6 بجے** لیٹر پانی میں باقی آدھےساشوں 2 کا مواد گھولیں. اچھی طرح مکس کریں اور 2 گھنٹوں میں پیئں۔	**ٹیسٹ والی صبح 7:30 بجے** لیٹرپانی میں آدھے ساشوں کا 2 مواد گھولیں. اچھی طرح مکس کریں اور 2 گھنٹوں میں پیئں۔ **ٹیسٹ سے 4 گھنٹے پہلے** لیٹر پانی میں باقی آدھے 2 ساشوں کا مواد گھولیں. اچھی طرح مکس کریں اور 2 گھنٹوں میں پیئں۔	**سیلجیسے یا ایزوکولان** **یا اسکا مثل** **لیٹر تیار 4** **سیلجیسے کا پیک:** ساشے 4 **ایزوکولان کا پیک** ساشے 8 **:اجزاء کی نوعیت** ماکروگول 4000 انہایڈریس سوڈیم سلفیٹ سوڈیم بی کاربونیٹ سوڈیم کلورائیڈ پوٹاشیم کلورائیڈ سائمتھکون (صرف سیلجیسے میں)
نوٹ: محلول کی مقدار زیادہ ہونے کی وجہ سےیہ کم برداشت ہوتی ہے (خاص طور پراگرٹیسٹ 10 بجےسے پہلے ہوتو) اوراسی لیےاکثرتیاری نامکمل رہتی ہے جوکہ ٹیسٹ کرنے کے لیے ناکافی ہوتی ہے. یہ محلول شدید قبض کے مریضوں کے لیے مؤثررہتا ہے۔			